SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
December 30, 2020

## ایس ای سی پی کا عوام الناس کو جعلی سرمایہ کاری کمپنیوں سے ہوشیار رہنے کا انتباہ

اسلام آباد (دسمبر 30) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے عوام الناس کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ وہ سرمایہ کاری کی جعلی اسکیموں جن میں عوام کو پرکشش اور غیر حقیقی منافع کا لالچ دیا جاتا ہے میں سرمایہ کاری کر کے اپنی بچتوں اور سرمائے کا نقصان نہ کریں۔ سرمایہ کاری صرف ایس ای سی پی کی جانب سے منظور شدہ اسکیموں اور باقاعدہ لائسنس یافتہ اداروں میں ہی کی جاسکتی ہے۔ واضح رہے کہ کسی کمپنی کی ایس ای سی پی سے رجسٹریشن کا قطعاً یہ مطلب نہیں ہوتا کہ یہ کمپنی عوام سے سرمایہ کاری کے نام پر فنڈز اکٹھا کر سکتی ہیں۔

ایس ای سی پی کے علم میں یہ بات آئی ہے کہ چند کمپنیاں جو کہ ایس ای سی پی کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں جس میں لاثانی آئل ٹریڈرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور نیو لاثانی چکس اینڈ چکن (پرائیویٹ) لمیٹڈ شامل ہیں یہ کمپنیاں جعلی سرمایہ کاری سکیموں اور غیر معمولی منافع کا لالچ دے کر عوام کو سرمایہ کاری کرنے پر راغب کرتی ہیں۔ یہ کمپنیاں عوام سے ڈیزل اور چکن میں سرمایہ کاری کے لئے غیر قانونی طور پر ڈپازٹس اکٹھا کرنے میں ملوث ہیں۔ عوام الناس کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ ان کمپنیوں کو عوام سے ڈپازٹس اکٹھا کرنے کا کسی بھی قسم کا لائسنس نہیں دیا گیا۔ ان کمپنیوں کی جانب سے یہ سرگرمیاں غیر قانونی اور ممنوع ہیں اور ایس ای سی پی کمپنیز ایکٹ کے مطابق ان دونوں کمپنیوں کو بند کرنے کی قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

اس کے علاوہ، ایس ای سی پی کو بی فوریو (B4U) نامی ایک کمپنی کے متعلق بھی متعدد شکایات موصول ہوئیں ہیں۔ یہ کمپنی بھی مختلف سرمایہ کاری سکیموں کے نام پر عوام سے فنڈز اکٹھا کر رہی ہے۔ واضح رہے کہ مذکورہ کمپنی ''بی فوریو'' ایس ای سی پی کے ساتھ رجسٹرڈ نہیں ہے جبکہ اس کی کاروباری سرگرمیاں بھی غیر قانونی ہیں۔ ایس ای سی پی نے اس کے ڈائریکٹرز کے خلاف پہلے ہی قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے

عوام الناس کو متنبہ کیا جاتا ہے کہ ایسی سکیموں سے گمراہ ہو کر اپنا قیمتی سرمایہ خطرہ سے دوچار نہ کریں۔ ایس ای سی پی کی جانب سے یہ انتباہ ان تمام سٹیک ہولڈرز اور عوام کے مفاد کے تحفظ کے لئے جاری کیا جا رہا ہے جو کہ ان کمپنیوں کے ساتھ کسی بھی قسم کا لین دین کر رہے ہیں۔

## ٹکرز:

- ایس ای سی پی کا جعلی سرمایہ کار کمپنیوں کے خلاف کارروائی کا آغاز

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

- عوام لاثانی آئل ٹریڈرز اور نیو لاثانی چکس اینڈ چکن (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ساتھ کسی بھی قسم کے لین دین سے باز رہیں؛ ایس ای سی پی
- عوام جعلی سرمایہ کاری اور پانزئی سکیموں میں سرمایہ کاری کرنے سے گریز کریں
- عوام پرکشش منافع کے لالچ میں گمراہ نہ ہو
- عوام غیر حقیقی منافع دینے والی کمپنیوں سے محتاط رہیں!
- وارنگ کا مقصد عوام کے مفادات کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے؛ ایس ای سی پی